# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق یں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: علامہ اقبال کا خصوصی مطالعہ (9027) سمسٹر: خزاں2026

سطح: بی ایس اُردو

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا5)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ علامہ اقبال کے ذہنی و فکری ارتقاء کی کتنی منازل ہیں؟ ہر منزل پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ ضربِ کلیم کو اقبال نے دورِ حاضر کے خلاف اعلانِ جنگ قرار دیا ہے۔ آپ ضربِ کلیم کی منظومات کے حوالے سے اقبال کے اس اعلان پر تبصرہ کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ اردو غزل میں اقبال کے تجربات و تصرفات کے حوالے سے بال جبریل کی اہمیت پر نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ علامہ اقبال نے اپنے خطبہ الاجتہاد فی الاسلام میں جمود کے جو اسباب گنوائے ہیں، وہ کون کون سے ہیں؟ تفصیل سے اظہارِ خیال کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ کیا تصورِ خودی کی اہمیت آج کے عہد میں بھی بدستور موجود ہے؟ یا یہ محض فلسفہِ ماضی بن کر رہ گیا ہے؟ دلائل کے ساتھ جواب دیجیے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 6تا9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ اردو شاعری کی تاریخ میں ایک شاعر کی حیثیت سے اقبال کی معنویت اور انفرادیت کو کس طرح اجاگر کیا جا سکتا ہے؟ دلائل کے ساتھ جواب دیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ اقبال کے تصورِ قومیت پر ایک مفصل مضمون قلم بند کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ اقبال کے تصورِ عقل و عشق پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ اقبال کے نزدیک موجودہ صدی میں اسلام کس طرح عام کیا جا سکتا ہے؟ تفصیل سے اظہارِ خیال کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ اقبال کے نعتیہ کلام کی روشنی میں جواب دیجیے۔ اقبال کے تصورِ انسانِ کامل پر نوٹ لکھیے۔ (20)